آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز بدھ 18 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 223

سندھ کی زبردستی تقسیم ہوئی تو کراچی میں خون بہے گا، بلاول بھٹو

نئے صوبوں کے لیے ریفرنڈم کی تجویز غیر آئینی ہے، جہاں عوام نہیں چاہتے وہاں بندوق کے زور پر صوبے نہیں بنائے جاسکتے، سسٹم تباہ نہیں ہوا بلکہ اسے تباہ کرایا گیا، پاکستان میں کوئی بھی سیاسی قیدی نہیں ہونا چاہیے

مولانا فضل الرحمان کی ذمہ داری ہے کہ وہ حکومت پر تنقید کریں، اب وہ تنقید کیلئے جیسا بھی طریقہ اختیار کریں یہ ان کا حق ہے مگر آپ تقریر کے جواب میں نیب کو ان پر چھوڑ دیں گے؟

ان کے بیٹوں کو گرفتار کرنے لگ پڑیں گے اور اچانک ان کے گھر کی تجاوزات یاد آجائیں گی؟، مولانا فضل الرحمان نے جو کردار پی ڈی ایم میں ادا کیا اس کے بغیر آپ کرسی پر نہیں ہوتے

نئے صوبوں کے معاملے پر نہ مجھ سے بات ہوئی ہے اور نہ صدر پاکستان سے اس لیے شکوک وشبہات پیدا ہو رہے ہیں، وزیراعظم کی کابینہ نے ابھی تک اس معاملے پر کوئی فیصلہ نہیں کیا

وزیراعظم کو دعوت دی ہے کہ سندھ آئیں اور صوبائی حکومت کے ساتھ بیٹھ کر عوامی مسائل اور مشترکہ منصوبوں پر بات کریں، کراچی پریس کلب میں تقریب سے خطاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ کے عوام ہرگز تقسیم نہیں چاہتے، زبردستی تقسیم ہوئی تو کراچی میں خونریزی ہوگی جس کا دائرہ حیدرآباد، میرپور خاص، ٹنڈو الہ یار، نوابشاہ تک پھیل سکتا ہے، نئے صوبوں کے لیے ریفرنڈم کی تجویز غیر آئینی ہے، جہاں عوام نہیں چاہتے وہاں بندوق کے زور پر صوبے نہیں بنائے جاسکتے۔ کراچی پریس کلب میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سسٹم تباہ نہیں ہوا بلکہ اسے تباہ کرایا گیا، سسٹم اگر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بلاول بھٹو کی آج پریس کانفرنس میں تضاد اور دہرا معیار نظر آیا، عطا تارڑ

بیک وقت حکومت کے مزے لینا اور اپوزیشن کرنا کیا کھلا تضاد نہیں؟ عوام ہی آخری فیصلہ ساز ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا بلاول بھٹو کے بیان پر ردعمل



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کی آج کراچی میں ہونے والی پریس کانفرنس میں تضاد اور دہرا معیار

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے برطانوی چیف آف جنرل اسٹاف کی ملاقات

جی ایچ کیو آمد پر مہمان کو پاکستان آرمی کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا

راولپنڈی (سی ایم لنکس) فیلڈ مارشل عاصم منیر سے برطانوی چیف آف جنرل اسٹاف سر چارلس رولینڈ کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق جی ایچ کیو آمد پر مہمان کو پاکستان آرمی کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون پر تبادلہ ? خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فریقین نے پاکستان اور برطانیہ کے دیرینہ خوش گوار تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ فریقین نے دوطرفہ عسکری

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بانی پی ٹی آئی 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا یافتہ ہیں، پاکستان اٹلی کیساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے، چیئرمین سینیٹ

بانی پی ٹی آئی کی صحت کی بنیاد پر ریلیف، سزا کا خاتمہ چاہتے ہیں، احسن اقبال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو سزا حکومت نے نہیں عدالت نے دی، وہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پارلیمانی سفارت کاری پاکستان اور اٹلی کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پارلیمانی سفارت کاری پاکستان اور اٹلی کے درمیان

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کھلی کچہری کا انعقاد، ڈی پی او بہاول پور نے مسائل سنے

غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کیخلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی، ڈی پی او

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات دو مراحل میں کرانے کی منظوری

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات دو مراحل میں کرانے کی منظوری دے دی۔ پہلے مرحلے میں لاہور سمیت 18 ضلعی گروپوں جبکہ دوسرے مرحلے میں فیصل آباد اور ملتان سمیت مزید 18 ضلعی گروپوں میں انتخابات کرائے جائیں گے

مراسلے کے مطابق پہلے مرحلے میں لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، پاکپتن، سیالکوٹ اور اوکاڑہ سمیت 18 ضلعی گروپوں میں بلدیاتی انتخابات ہوں گے، اسی طرح چکوال وتلہ گنگ، راولپنڈی ومری، ڈیرہ غازی خان وتونسہ، راجن پور، نارووال، چنیوٹ، خانیوال، بہاولپور، لودھراں، سرگودھا، حافظ آباد اور بھکر بھی شامل ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات دو مراحل میں کرانے کی منظوری دے دی۔ پہلے مرحلے میں لاہور سمیت 18 ضلعی گروپوں جبکہ دوسرے مرحلے میں فیصل آباد اور ملتان سمیت مزید 18 ضلعی گروپوں میں انتخابات کرائے جائیں گے، الیکشن کمیشن نے اس حوالے سے چیف سیکرٹری پنجاب کو باضابطہ مراسلہ جاری کرتے ہوئے انتخابی تیاریوں کا عمل آگے بڑھانے کی ہدایت کردی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے 17 نومبر 2026 کو جاری کیے گئے مراسلے کے مطابق پنجاب حکومت نے 16 نومبر کو بلدیاتی انتخابات مرحلہ وار کرانے کی تجویز بھجوائی تھی، جس سے الیکشن کمیشن نے اتفاق کرلیا ہے۔ مراسلے کے مطابق پہلے مرحلے میں لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، پاکپتن، سیالکوٹ اور اوکاڑہ سمیت 18 ضلعی گروپوں میں بلدیاتی انتخابات ہوں

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کا ماہانہ اجلاس، تنظیمی مدت دو سال، محمد سلیمان فاروقی مستقل صدر منتخب

احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کا ماہانہ اجلاس، تنظیمی مدت دو سال، محمد سلیمان فاروقی مستقل صدر منتخب

احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز، احمد پور شرقیہ کے اجلاس میں محمد یوسف قریشی نائب صدر، حمید اللہ خان عزیز فوکل پرسن جب کہ احمد علی چوہدری سیکرٹری کو آرڈیننشن کے فرائض سرانجام دیں گے



احمد پور شرقیہ (پ ر) احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز احمد پور شرقیہ کا ماہانہ اجلاس بانی و سرپرست اعلیٰ احسان احمد سحر کی صدارت میں پنجاب کالج احمد پور شرقیہ میں منعقد ہوا، جس میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس ورکرز پاکستان کے قواعد وضوابط کے مطابق احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کی تنظیمی مدت دو سال مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں طے پایا کہ 2026 میں انتخابی عمل کے ذریعے وجود میں آنے والی صحافتی تنظیم احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز، احمد پور شرقیہ کے موجودہ عہدیداران سال 2027 کے دوران بھی اپنے عہدوں پر برقرار رہیں گے۔ اس فیصلے کے مطابق محمد سلیمان فاروقی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز احمد پور شرقیہ کا پنجاب کالج میں ماہانہ اجلاس کا منظر، بانی و سرپرست اعلیٰ احسان احمد سحر صدارت کر رہے ہیں۔

مخدوم گیلانی خاندان کی میزبانی میں بخاری خاندان کے اعزاز میں شاندار پرتکلف ظہرانہ

محبت واخوت کی خوشگوار محفل سج گئی، دونوں خاندانوں کے درمیان مثالی اتحاد، خلوص اور دیرینہ تعلقات کا خوبصورت اظہار

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) سجادہ نشین قبلہ مخدوم پیر سید افتخار حسن گیلانی اور ولی عہد مخدوم زادہ پیر سید عمر رضا گیلانی کی جانب سے ولی عہد مخدوم زادہ سید حسن زمرد بخاری اور بخاری خاندان کے معزز احباب کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر ایک پروقار اور خوشگوار نشست کا انعقاد ہوا، جس میں دونوں خاندانوں کی شخصیات نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



اوچ شریف: مخدوم سید افتخار احسن گیلانی کی جانب سے بخاری خاندان کو ظہرانہ۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر کارکن ملک خادم حسین سیال کی نماز جنازہ ڈاکٹر محمد منتقد فیضی کی امامت میں ادا

نماز جنازہ میں سماجی سیاسی کاروباری وکلا مختلف شخصیات اور علاقہ مکینوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی



احمد پور شرقیہ (تحصیل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر کارکن ملک خادم حسین سیال کی نماز جنازہ ڈاکٹر محمد منتقد فیضی کی امامت میں ادا کر دی گئی مرحوم طویل عرصے سے پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ وابستہ تھے مرحوم ملک محمد عاشق سیال ایڈووکیٹ کے بھائی تھے مرحوم کی نماز جنازہ بستی گل پور ڈیرہ نواب صاحب میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر کارکن ملک خادم حسین سیال کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے۔

ڈیٹ فار کلائمیٹ سوپیس متعارف کرائے جائیں

وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک

اسلام آباد/انطالیہ (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ مالی استحکام ضروری ہے تاہم موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے عدم فعالیت کی قیمت کہیں زیادہ ہے، مالیاتی پائیداری کے حصول کے لیے ایسی پالیسیوں سے گریز کرنا ہوگا جو عوام کو موسمیاتی اثرات سے تحفظ فراہم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونے اور چاندی کی قیمتوں کی تسلسل رک گیا

کراچی (سی ایم لنکس) بین الاقوامی اور مقامی بلین مارکیٹ میں سونے اور چاندی کی قیمتوں کی کا تسلسل رک گیا اور منگل کو بغیر کسی تبدیلی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پروائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی کی فیملی فیسٹ میں شرکت

خواتین کی معاشی خودمختاری، جامع ترقی اور پائیدار خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے

بہاول پور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کی پروائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی نے بہاولپور ویمن انٹرپرینیورز کے زیر اہتمام منعقدہ فیملی فیسٹ میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب کا اہتمام بہاولپور ویمن انٹرپرینیورز کی سی ای او، سمیرا وقار اور ان کی پرعزم ٹیم نے کیا تھا۔ پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی نے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور ویمن انٹرپرینیورز کی سی ای او سمیرا وقار پروائس چانسلر آئی یو بی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی بہاولپور ویمن انٹرپرینیورز کے زیر اہتمام منعقدہ فیملی فیسٹ کے موقع پر شیلڈ دے رہی ہیں۔

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کی بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت

فوڈ سیکیورٹی کے لیے آب وہوا کے لیے لچکدار پانی کے مستقبل کی تعمیر کے پینل ڈسکشن میں حصہ لیا



بہاول پور (پ ر) وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور خواجہ فرید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی رحیم یار خان پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے ایم این ایس یونیورسٹی آف ایگریکلچر ملتان میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس برائے کلائمیٹ ریزیلینٹ واٹر مینجمنٹ اینڈ سسٹین ایبل ایگریکلچر میں بطور پینلسٹ آن لائن ذرائع سے شرکت کی۔ انہوں نے فوڈ سیکیورٹی کے لیے آب وہوا کے لیے لچکدار پانی کے مستقبل کی تعمیر کے پینل ڈسکشن میں حصہ لیا، جہاں وہ فیوچر واٹر، دی بیگ ایکیڈمی فار لوکل گورننس اور آئی ایچ ایف ڈیلفٹ کے سرکردہ ماہرین تعلیم، پالیسی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران ایم این ایس یونیورسٹی آف ایگریکلچر ملتان میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس برائے کلائمیٹ ریزیلینٹ واٹر مینجمنٹ اینڈ سسٹین ایبل ایگریکلچر میں بطور پینلسٹ آن لائن ذرائع سے شریک ہیں۔

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور علاقائی روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے ڈپٹی چیئرمین کابینہ و وزیر خارجہ رشید مریدوف کے درمیان وزارت خارجہ میں دوطرفہ ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور ترکمانستان کے دیرینہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایران کے بزرگ مذہبی رہنما آیت اللہ وحید خراسانی 108 برس کی عمر میں انتقال کرگئے

تہران (سی ایم لنکس) ایران کے ممتاز مذہبی رہنما اور دینی عالم آیت اللہ وحید خراسانی 108 برس کی عمر میں انتقال کرگئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ان کے دفتر سے جاری بیان میں وفات کی تصدیق کردی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آیت اللہ وحید خراسانی کی نماز جنازہ، تدفین اور تعزیتی اجتماعات سے متعلق تفصیلات بعد میں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پولیس افسر کے گھر بچی کی موت کے معاملے میں پولیس تگڑی تفتیش کرے گی، محسن نقوی

اسلام آباد میں ایکسپریس وے سروس روڈ منصوبے کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پولیس افسر کے گھر بچی کی موت کے معاملے میں پولیس تگڑی تفتیش کرے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

بحرین کا ایرانی فضائی حملے روکنے کا دعویٰ، شہریوں کو محفوظ مقامات پر جانے کی ہدایت

منامہ (سی ایم لنکس) بحرین نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے ایران کی جانب سے کیے گئے فضائی حملوں کو روک لیا ہے۔ یہ بیان ایران کی پاسداران انقلاب کی جانب سے بحرین میں امریکی فوج کے زیر استعمال ریڈار سسٹم کو ڈرون حملے میں نشانہ بنانے کے دعوے کے بعد سامنے آیا ہے۔ خبر رساں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پشاور ہائیکورٹ: تیمور جھگڑا و دیگر کی ضمانتیں خارج

پولیس گرفتاری کیلئے عدالت میں موجود

پشاور (سی ایم لنکس) انسداد دہشت گردی عدالت پشاور نے ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں نامزد پی ٹی آئی کے سابق صوبائی وزیر تیمور سلیم

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلاول سمیت سارے لیڈر بتادیں سسٹم کو کیسے ری سیٹ کریں؟ بیرسٹر گوہر

بلاول بھٹو کا سسٹم کو لپسں کا بیان تاخیر سے آیا

راولپنڈی (سی ایم لنکس) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا سسٹم کو لپسں کا بیان تاخیر سے آیا، بلاول سمیت سارے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کی طاقت سے مافیاز کو بے نقاب کریں گے اور لگام بھی ڈالیں گے، حافظ نعیم

بینک مافیاز کو فائدہ پہنچانے کے لیے معیشت کو تباہ کیا جارہا ہے

لاہور (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ابھرتی ہوئی سیاسی قوت بن کر سامنے آرہی ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ عوام کی طاقت سے مافیاز کو بے نقاب کریں گے اور لگام بھی ڈالیں گے، ہماری جدوجہد سے عوام کو بجلی اور پیٹرول پر ریلیف ملا، آئی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تھری ایم پی او کیس: 16 نومبر کی سماعت کا تحریری حکمنامہ جاری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی آئینی عدالت نے تھری ایم پی او کیس میں 16 نومبر کو ہونے والی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ تحریری حکم نامے کے مطابق خیبر پختون خوا بار

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ویپ اور منشیات سے انکار، روشن مستقبل کا انتخاب

پانی چوروں کے خلاف اب تک 111 مقدمات درج کئے جاچکے ہیں

بہاولپور (پ ر) ویپ اور منشیات سے انکار، روشن مستقبل کا انتخاب! نوجوان نسل کو منشیات اور ویپ کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے اور معاشرے کو منشیات سے پاک بنانے کے لیے بہاولپور پولیس کی آگاہی اور انسداد منشیات کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے منشیات

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



سیکرٹری بورڈ محترمہ ثوبیہ سلطانہ چوہدری ربن کاٹ کر ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہی ہیں، کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد وقاص اور ڈائریکٹر سپورٹس بھی ہمراہ ہیں۔

کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر نے فرید گیٹ کا دورہ کیا

بہاولپور شہر کی خوبصورتی میں اضافے اور تاریخی وثقافتی ورثے کو مزید نمایاں کرنے کے لیے جامع اقدامات کیے جارہے ہیں

فرید گیٹ کی تزئین وآرائش اور خوبصورتی کو خصوصی اہمیت دی جارہی ہے، کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے فرید گیٹ کا دورہ کیا اور وہاں جاری بیوٹیفکیشن اور تزئین وآرائش کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ بہاولپور شہر کی خوبصورتی میں اضافے اور تاریخی وثقافتی ورثے کو مزید نمایاں کرنے کے لیے جامع اقدامات کیے جارہے ہیں۔ فرید گیٹ کی تزئین وآرائش اور خوبصورتی کو خصوصی اہمیت دی جارہی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر میں جاری تمام بیوٹیفکیشن منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور تعمیراتی وتزئین وآرائش کے کاموں میں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا اندرون فرید گیٹ جاری بیوٹیفکیشن اور تزئین وآرائش کے امور کا جائزہ لے رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں۔



بہاولپور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا کشمیر پارک نزد جی پی او میں جاری بیوٹیفکیشن کے منصوبے کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

نمبر 01

تباہ ہوا ہے تو اس کا علاج ری سیٹ میں ہے، سسٹم کو ری سیٹ کرنا پڑے گا مگر یہ سیاسی ری سیٹ ہوگا، سیاسی انتقام کی روایت کو ختم کرنا ہوگا، نیب کو سیاسی انتقام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، پاکستان میں کوئی بھی سیاسی قیدی نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی زندگی میں اتنے برے معاشی حالات کبھی نہیں دیکھے، سسٹم کو ری سیٹ کرنے کا آغاز پارلیمان سے کیا جانا چاہیے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپوزیشن کا پارلیمان پر اعتماد بحال کرے، اپوزیشن بھی پارلیمان کا حصہ بنے اور کمیٹیوں میں شامل ہو، لیکن اپوزیشن کی پارلیمانی نظام پر بداعتمادی کی بھی وجوہات ہیں جس پر ہمیں سوچنا چاہیے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اپوزیشن کا کام ہی حکومت پر تنقید کرنا ہے، مولانا فضل الرحمان کی ذمہ داری ہے کہ وہ حکومت پر تنقید کریں، اب وہ تنقید کیلئے جیسا بھی طریقہ اختیار کریں یہ ان کا حق ہے مگر آپ تقریر کے جواب میں نیب کو ان پر چھوڑ دیں گے؟ ان کے بیٹوں کو گرفتار کرنے لگ پڑیں گے اور اچانک ان کے گھر کی تجاوزات یاد آجائیں گی؟ یہی وجوہات ہیں جس سے سسٹم کو لپس ہوتا ہے، مولانا فضل الرحمان نے جو کردار پی ڈی ایم میں ادا کیا اس کے بغیر آپ کرسی پر نہیں ہوتے۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ سب سے پہلے اداروں پر عوام کا اعتماد بحال کرنا ہوگا، پاکستان کے سیاست دان عوام کے مسائل کو بھول چکے ہیں، وہ نفرت اور تقسیم کی سیاست کررہے ہیں لیکن عوام کے مسائل پر توجہ نہیں دے رہے، پاکستان کے حکمران پاکستان کے اصل مسائل پر بات کرنے کے لیے تیار نہیں، پاکستان کے حکمران ہر مسئلے پر بات کرنے کے لیے تیار ہیں مگر اصل مسائل پر بات نہیں کرتے۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ جس تیزی سے مہنگائی میں اضافہ ہورہا ہے عوام کا گزارا کیسے ہوگا؟ حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ عوام کا بوجھ کم کریں، ملک میں آنے والے معاشی بحران اور آفت سے خوفزدہ ہوں، میں خوفزدہ ہوں کہ ان حالات میں پاکستان کا کیا ہوگا؟انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پسماندہ طبقے، سفید پوش طبقے، محنت کش طبقے کا گزارا کیسے ہوگا؟ جس تیزی سے مہنگائی میں اضافہ ہورہا ہے، لوگ بجلی کے بل سے خوفزدہ ہیں، لوگ سوچ میں ہیں کہ میں بچوں کی تعلیم کا بندوبست کروں یا دو وقت کی روٹی کا؟۔ لوگ اپنے بزرگوں کا علاج کروائیں یا دو وقت کی روٹی کھائیں؟ نئے صوبوں کے معاملے پر انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کی خواہشات اور آئین و قانون کے مطابق نئے صوبوں کے قیام کی حامی ہے، نئے صوبوں کا قیام پیپلز پارٹی کے منشور کا حصہ ہے، مخالفت صرف اس بات کی ہے کہ عوام کی مرضی کے بغیر زبردستی صوبے تقسیم نہ کیے جائیں، سندھ کی زبردستی تقسیم سے کراچی کے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ شہر میں خونریزی اور بدامنی کے خدشات پیدا ہوں گے، ماضی میں کراچی میں بھائی کو بھائی سے لڑایا گیا اور قتل و غارت گری ہوئی ایسے حالات دوبارہ پیدا نہیں ہونے چاہئیں۔ان کا کہنا تھا کہ سندھ کے عوام اور اسمبلی اس معاملے پر اپنا فیصلہ دے چکے ہیں، اب مزید بحث کی گنجائش نہیں، محسن بھائی اگر واقعی نیا صوبہ بنانا چاہتے ہیں تو پیپلز پارٹی کے پاس ہر صوبے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں ووٹ موجود ہیں۔بلاول کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے قیام کے لیے اب تک مجھ سے کوئی بات چیت نہیں کی گئی، نئے صوبے بنانے ہیں تو آئینی، قانونی اور جمہوری طریقہ اختیار کیوں نہیں کیا جا رہا؟ اٹھارویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کا تعلق صوبوں کے وجود سے ہے، صوبے ختم ہوں گے تو ان کا کیا بنے گا؟ نایاب معدنیات پر اختیار صوبائی حکومتوں کے پاس ہے، تاہم عالمی سرمایہ کاری کے لیے وفاق اور صوبوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، معدنی وسائل کے معاملے پر آئین کے مطابق وفاق اور صوبوں کے درمیان مل کر بات ہوسکتی ہے، اٹھارویں ترمیم 2010 میں منظور ہوئی 2026 تک بھی کئی محکمے صوبوں کو منتقل نہیں کیے جاسکے، اٹھارویں ترمیم کے تحت صوبوں کو ملنے والے مالی وسائل بھی تاحال مکمل طور پر منتقل نہیں ہوئے، سندھ اس سال وفاقی حکومت کے معاشی مسائل میں مدد کے لیے 585 ارب روپے سرپلس دے رہا ہے، وفاقی حکومت کو مالی معاونت دینے میں پنجاب سندھ سے بھی زیادہ حصہ ڈال رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے معاملے پر نہ مجھ سے بات ہوئی ہے اور نہ صدر پاکستان سے اس لیے شکوک وشبہات پیدا ہورہے ہیں، وزیراعظم کی کابینہ نے ابھی تک اس معاملے پر کوئی فیصلہ نہیں کیا، وزیراعظم کو دعوت دی ہے کہ سندھ آئیں اور صوبائی حکومت کے ساتھ بیٹھ کر عوامی مسائل اور مشترکہ منصوبوں پر بات کریں، سندھ کی علیحدہ حیثیت کی تجویز ممبئی پریزیڈنسی کے دور میں سرشانہواز بھٹو نے پیش کی تھی، کراچی کو دارالحکومت بنانے کا فیصلہ بھی ماضی میں زبردستی کیا گیا تھا، ون یونٹ کے قیام کے باوجود سندھ کے عوام نے مزاحمت اور جدوجہد جاری رکھی، قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کے آئین کے ذریعے سندھ اور بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی حیثیت بحال کی۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میں نسل در نسل سیاست کرنے والا سیاستدان ہوں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھاں گا جو عوام کی مرضی اور خواہشات کے خلاف ہو، میں ایسا فیصلہ کرنا چاہتا ہوں جس پر کل بھی عوام کے سامنے جا کر انتخابات لڑسکوں، نئے صوبوں کی تجاویز دینے والے بعض افراد نے کبھی انتخابات نہیں جیتے ان کے سیاسی مستقبل کا انحصار عوامی ووٹ پر نہیں، میرا مقصد عوام کی خواہشات اور انتخابی جواب دہی کے مطابق ہے دوسرے لوگ اپنے انداز میں بات کررہے ہیں، سندھ کے عوام تقسیم نہیں چاہتے اس لیے پیپلز پارٹی اس معاملے میں عوام کے ساتھ کھڑی ہے، اگر کل میرا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوجائے اور میں اپنی پارٹی کو سندھ کی تقسیم کے حق میں ووٹ دینے کی ہدایت بھی دوں تو ارکان کی اکثریت میری بات نہیں مانے گی۔انہوں نے کہا کہ بعض لوگ ابھی سے اپنے علاقے کا وزیراعلیٰ بننے کے خواب دیکھ رہے ہیں لیکن سندھ کی تقسیم کے بعد وہ اپنے گھر کے بھی وزیراعلیٰ نہیں بن سکیں گے، سندھ اسمبلی میں آج بیٹھے ارکان کے بزرگوں نے قرارداد پاکستان کی حمایت کی تھی، اگر یہی لوگ آج سندھ کی تقسیم کی حمایت کریں گے تو آئندہ انتخابات میں عوام کے سامنے فیصلہ ہوجائے گا، پنجاب اسمبلی کل قرارداد منظور کرکے نئے صوبے کے قیام کا فیصلہ کرے تو پیپلز پارٹی اس کی حمایت کرے گی، بلوچستان میں بھی آئینی حقوق اور نئے صوبے کا مطالبہ موجود ہے، گلگت بلتستان میں صوبے کے قیام پر اتفاق رائے موجود ہے لیکن کسی وفاقی وزیر کی اس میں دلچسپی نظر نہیں آتی، جہاں عوام نئے صوبے چاہتے ہیں وہاں اتفاق رائے سے فیصلہ کیا جائے جہاں عوام نہیں چاہتے وہاں بندوق کے زور پر صوبہ نہیں بنایا جاسکتا۔

نمبر 02

تعاون مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔فیلڈ مارشل نے برطانیہ کے ساتھ دفاعی تعلقات مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا جبکہ برطانوی چیف آف جنرل اسٹاف نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ برطانوی چیف آف جنرل اسٹاف نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاک افواج کی خدمات کا اعتراف کیا۔برطانوی چیف آف جنرل اسٹاف کا یہ دورہ دفاعی تعاون مزید مضبوط کرنے اور عسکری تعلقات مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے۔

نمبر 03

بھی نظر آیا۔وفاقی دارالحکومت سے جاری اپنے بیان میں عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ عوام کی فلاح و بہبود اور گورننس کی بہتری سے متعلق بحث کو نہیں روکا جا سکتا، آخر عوام کیا چاہتے ہیں، اس کا فیصلہ میں نے یا آپ نے نہیں بلکہ عوام نے کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام اچھی اور بہترین حکومت چاہتے ہیں، ہم خود کو سسٹم کی کمزوریوں سے الگ نہیں رکھ سکتے، ملک میں گڈ گورننس کے حوالے سے بحث جاری ہے اور عوام کی رائے کو مقدم رکھا جانا چاہیے۔وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات نے سوال اٹھایا کہ کیا لوگوں کو گورننس کی بہتری کے لیے بات کرنے سے روک دیا جائے؟ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ ریفرنڈم آئین کا حصہ اور ایک آئینی طریقہ کار ہے، اس میں کیا حرج ہے؟ جب عوامی رائے سامنے آئے گی تو یہ کوئی چور دروازہ نہیں ہوگا، ریفرنڈم کے معاملے میں عوام کا بہترین مفاد مدنظر رکھا جائے گا۔انہوں نے بلاول بھٹو کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ فساد کی بات کرنے کے بجائے عوام کی مرضی کی بات کریں، آئیں، عوام کی بہتری کے لیے مل بیٹھ کر فیصلہ کریں۔وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا مزید کہنا تھا کہ بیک وقت حکومت کے مزے لینا اور اپوزیشن کرنا کیا کھلا تضاد نہیں؟ عوام ہی آخری فیصلہ ساز ہیں۔

نمبر 04

تقریب میں پرنسپل مس نشا خان، ڈپٹی ڈائریکٹر این سی ایچ ڈی میاں عبدالغفار، فوکل پرسن کالج مس صفیہ بی بی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لٹریسی شکیلہ قادر ،اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایجوکیشن سید نجم الحسن بخاری، فیلڈ آفیسرز این سی ایچ ڈی، بہاولپور عبید اللہ مقصود، سلمہ کامران، گلشن نصیر، محمد قدیر اور لئیق الرحمٰن کے علاوہ مختلف شعبہ جات کالج کے سربراہان اور طالبات نے شرکت کی۔اس موقع پر شرکا کو پروگرام کے اغراض ومقاصد اور طریقہ کار کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد طلبا و طالبات اور اساتذہ کی رضاکارانہ خدمات کے ذریعے خواندگی کے فروغ اور تعلیم سے محروم افراد کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا ہے۔ بعدازاں کالج کے احاطے میں شجرکاری مہم کے تحت پرنسپل مس نشا خان اور ڈپٹی ڈائریکٹر میاں عبدالغفار نے پودے لگائے۔شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خواندگی کے فروغ اور تعلیمی شعور اجاگر کرنے کے لیے دونوں ادارے مشترکہ کوششیں جاری رکھیں گے۔

نمبر 05

صحت کی بنیاد ریلیف اور سزا کا خاتمہ چاہتے ہیں۔اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں احسن اقبال نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے کوئی انتقامی رویہ نہیں رکھا گیا، اُن کی پارٹی بڑی دیر سے این آر او کا مطالبہ کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی صحت کی بنیاد پر اپنے لیے ریلیف اور سزا کا خاتمہ چاہتے ہیں، بانی پی ٹی آئی 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا یافتہ ہیں، سزا حکومت نے نہیں بلکہ عدالت نے دی۔وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ اگر بانی پی ٹی آئی کے 60 ارب روپے کا معاملہ درگزر کرنا ہے تو تمام قیدیوں کے لیے عام معافی کا اعلان کردیا جائے، برطانیہ سے آنے والی رقم نجی اکاؤنٹ میں جمع کرائی گئی۔اُن کا کہنا تھا کہ امریکا، برطانیہ اور یورپ میں کوئی لیڈر ایسا کرے تو زندگی بھر عوام کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے گا، یہ پاکستان ہی ہے جہاں 190 ملین پاؤنڈ کے معاملے کے باوجود مظلومیت کی دہائی دی جا رہی ہے۔احسن اقبال نے یہ بھی کہا کہ بانی پی ٹی آئی نواز شریف اور بیگم کلثوم نواز کی بیماری کا مذاق اڑایا کرتے تھے، وہ ہمیں بیماری پر طعنے دیتے اور انتقام کا نشانہ بناتے رہے۔انہوں نے کہا کہ میرے بازو کے آپریشن کے تیسرے روز نیب سے طلبی کا نوٹس آیا اور مجھے گرفتار کیا گیا، ڈاکٹر کی ہدایت کے باوجود فزیوتھراپی کی سہولت نہیں دی گئی، میرا بازو پوری زندگی کے لیے ٹیڑھا رہ گیا۔وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگنی چاہیے، انسان جو بولتا ہے وہی اس کے سامنے آتا ہے، اللہ تعالیٰ بانی پی ٹی آئی کو احساس دلا رہے ہیں کہ کسی کی بیماری کا مذاق نہیں اڑانا چاہیے۔اُن کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو تمام ضروری طبی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں، اُن کو جس علاج کی ضرورت ہوتی ہے، وہ فراہم کیا جاتا ہے، ہمیں اُن کی صحت سے متعلق ہمدردی ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو دیسی مرغ سمیت مرغن ناشتہ اور من پسند خوراک دی جاتی ہے، وہ اچھی خوراک کے ساتھ علاج کی سہولت بھی حاصل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی قیدی کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں ہونی چاہیے، بانی پی ٹی آئی سمیت تمام قیدیوں کے بنیادی حقوق یقینی بنانے پر یقین رکھتے ہیں۔

نمبر 06

تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں جبکہ پارلیمانیں عوام کے درمیان دوستی، اعتماد اور تعاون کے مستقل پل ہیں۔ سینیٹ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے ان خیالات کا اظہار اٹلی کے اعلیٰ سطحی وفد سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں اٹلی کی وزارت خارجہ و بین الاقوامی تعاون کے سیکرٹری جنرل سفیر ریکارڈو گوارگلیا، پاکستان میں اٹلی کے سفیر اوگو چیئرلاتانی، اٹلی کی وزارت خارجہ و بین الاقوامی تعاون کی ڈائریکٹر جنرل نکولیٹا بومباردیئر اور پاکستان میں اٹلی کے سفارتخانے کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن رابرٹو نیچا شامل تھے۔ ملاقات میں پاکستان اور اٹلی کے دیرینہ دوستانہ تعلقات، پارلیمانی سفارت کاری، علاقائی و عالمی صورتحال، تجارت، سرمایہ کاری اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اٹلی کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ پارلیمانی روابط اور عوامی سطح پر تعلقات دونوں ممالک کے درمیان دوستی اور تعاون کو مستقل بنیادیں فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور اٹلی کے درمیان پارلیمانی وفود کے تبادلوں اور پارلیمانی فرینڈشپ گروپس کو مزید فعال بنانے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کمبوڈیا میں دو کامیاب بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنسز منعقد ہوچکی ہیں جبکہ تیسری کانفرنس انڈونیشیا میں ہوگی۔انہوں نے عالمی کشیدگی میں کمی اور امریکہ وایران کے درمیان مذاکرات کی سہولت کاری کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو بھی اجاگر کیا۔سید یوسف رضا گیلانی نے اٹلی پر زور دیا کہ وہ پاکستان میں توانائی، ٹیکنالوجی، صنعت اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھائے۔انہوں نے اٹلی میں مقیم پاکستانیوں کے کردار کو سراہتے ہوئے ہنرمند پاکستانیوں کے لیے تین سال کے دوران 10,500 روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے معاہدے کا خیرمقدم کیا۔اطالوی وفد نے بتایا کہ تقریباً 3,500 پاکستانی طلبہ اٹلی کی جامعات میں زیر تعلیم ہیں جبکہ تقریباً 30 اطالوی جامعات نے پاکستانی تعلیمی اداروں کے ساتھ تعاون کے معاہدے کیے ہیں۔ وفد نے تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں پاکستان کے ساتھ تعاون مزید بڑھانے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے فیصل آباد میں پاکستان اٹلی ٹیکسٹائل سینٹر اور لاہور میں فٹ ویئر سینٹر کے ذریعے فنی تعلیم کے فروغ کے لیے اٹلی کے تعاون کو سراہا۔ انہوں نے گندھارا تہذیب سمیت پاکستان کے ثقافتی ورثے کے تحفظ میں اٹلی کے تعاون کو بھی قابل تحسین قرار دیا۔ملاقات میں دونوں ممالک نے پارلیمانی، اقتصادی اور تعلیمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور پاکستان اور اٹلی کے درمیان دیرینہ دوستی کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

نمبر 07

کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 17 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیرِ اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے وژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او ارانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او ارانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

نمبر 08

''ایکس'' پر پوسٹ کے مطابق دونوں رہنما دوطرفہ ملاقات کریں گے، جس میں پاکستان اور ترکمانستان کے باہمی تعلقات اور تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ محمد اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید مریدوف پاک۔ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن (جے آئی سی) کے چھٹے اجلاس کی مشترکہ صدارت بھی کریں گے۔

نمبر 09

گے۔اِسی طرح چکوال وتلہ گنگ، راولپنڈی وہ مری، ڈیرہ غازی خان وتونسہ، راجن پور، نارووال، چنیوٹ، خانیوال، بہاولپور، لودھراں، سرگودھا، حافظ آباد اور بھکر بھی شامل ہیں۔دوسرے مرحلے میں فیصل آباد اور ملتان سمیت مزید 18 ضلعی گروپوں میں بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں گے، اس مرحلے میں ساہیوال، گوجرانوالہ و وزیرآباد، بہاولنگر، اٹک، خوشاب، منڈی بہاالدین، وہاڑی اور جہلم شامل ہیں۔اس کے علاوہ دوسرے مرحلے میں مظفرگڑھ وکوٹ ادو، ٹوبہ ٹیک سنگھ، میانوالی، لیہ، جھنگ، گجرات اور رحیم یار خان میں بھی بلدیاتی انتخابات ہوں گے۔الیکشن کمیشن نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام ضروری پیشگی انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور انتخابی تیاریوں کا عمل مزید آگے بڑھایا جائے۔ا

نمبر 10

خواتین کی کاروباری صلاحیتوں، معاشی خودمختاری، ڈیجیٹل تبدیلی اور مالی شمولیت کو فروغ دینے کے اس قابلِ ستائش اقدام کو سراہا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری، جامع ترقی اور پائیدار خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے۔انہوں نے خواتین کو کامیاب کاروباری شخصیات، جدت طراز، کاروباری رہنماؤں اور فیصلہ سازوں کے طور پر تیار کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔انہوں نے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے کلیدی کردار پر روشنی ڈالی کہ کس طرح یہ ادارے خواتین کو کاروباری مہارتوں، ڈیجیٹل صلاحیتوں، پیشہ ورانہ تربیت اور جدت کے مواقع فراہم کرسکتے ہیں۔ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے، انہوں نے خواتین کی قیادت، کاروبار، مہارتوں کی ترقی اور صنعت وتعلیمی اداروں کے مابین روابط کو فروغ دینے کے لیے یونیورسٹی کے عزم کو اجاگر کیا، جو خاص طور پر جنوبی پنجاب کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔انہوں نے اس پلیٹ فارم کی تعریف کی جس نے خواتین کاروباری شخصیات کو یکجا کیا، ان کی مصنوعات اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کیا، کاروباری نیٹ ورکس کو مضبوط بنایا، اور باہمی تعاون نیز مارکیٹ تک رسائی کے نئے مواقع پیدا کیے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا محض مساوات کا معاملہ نہیں، بلکہ یہ خاندانوں، معاشروں اور قوم کے مستقبل میں ایک انتہائی اہم سرمایہ کاری ہے۔ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور نے بہاولپور ویمن انٹرپرینیورز کے اس فیملی فیسٹ میں تعاون کیا، جس کے ذریعے خواتین کاروباری شخصیات کو اپنی مصنوعات، صلاحیتوں، تخلیقی صلاحیتوں اور کاروباری امکانات کی نمائش کے لیے ایک پلیٹ فارم میسر آیا۔

نمبر 11

کرنے کی کوششوں کو کمزور کریں۔منگل کو اطالیہ میں پاکستان پویلین میں کفایت شعاری کے موضوع پر پارلیمانی مکالمے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ماضی میں کفایت شعاری کی پالیسیوں کے نتیجے میں ٹیکسوں میں اضافہ ہوا اور موسمیاتی ترقی کے عمل کو نقصان پہنچا۔ مکالمے میں پاکستان، ایتھوپیا، یوگنڈا اور جاپان کے پارلیمانی رہنماؤں اور ماہرین نے شرکت کی۔ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ موسمیاتی مالیاتی استحکام کے ساتھ عوام کے تحفظ اور موسمیاتی لچک کو بھی یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے بتایا کہ مکالمے میں موسمیاتی مالیاتی پالیسیوں کے حوالے سے پانچ کلیدی پارلیمانی سفارشات پیش کی گئیں جن میں مالی اور ٹیکس پالیسیوں کو موسمیاتی اثرات سے ہم آہنگ کرنے، بڑے مالیاتی فیصلوں سے قبل موسمیاتی اثرات کا جائزہ لازمی قرار دینے اور قابل تجدید توانائی کی پالیسی کو مستحکم اور قابل پیش گوئی بنانے کی سفارشات شامل ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ صاف توانائی میں سرمایہ کاری کرنے والے گھرانوں اور کاروباری اداروں کی حوصلہ شکنی کے بجائے ان کی معاونت کی جانی چاہیے جبکہ موسمیاتی موافقت کو محض اخراجات کے بجائے پیداواری سرمایہ کاری کے طور پر تسلیم کرنا ہوگا۔انہوں نیموسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے موسمیاتی لچکدار زراعت، پانی کے بہتر انتظام اور ابتدائی انتباہی نظام (ارلی وارننگ) پر سرمایہ کاری کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ڈاکٹر مصدق ملک نے عالمی قرضوں کے نظام میں اصلاحات کی ضرورت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ڈیٹ فار کلائمیٹ سوپس متعارف کرائے جائیں تاکہ قرضوں کے بوجھ تلے دبے ممالک کو موسمیاتی اقدامات کے لیے وسائل فراہم کیے جا سکیں، آفات سے متاثرہ ممالک کو رعایتی مالی معاونت اور قرضوں کی ادائیگی میں نرمی بھی دی جانی چاہیے۔انہوں نے موسمیاتی فنانسنگ کے حوالے سے پارلیمانی نگرانی مضبوط بنانے اور موسمیاتی مالی امور پر سالانہ رپورٹنگ لازمی قرار دینے کی سفارش بھی کی۔

نمبر 12

برادرانہ تعلقات کا جائزہ لینے کے علاوہ مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق یہ ملاقات پاک۔ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے قبل ہوئی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، علاقائی روابط اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے طریقوں پر بھی غور کیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ زیرالتوا مسائل کے حل اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے قیام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل ذرائع ہیں۔ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید اویز گلدیوچ مریدوف نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار اور اس کی مسلسل سفارتی کوششوں کو سراہا۔

نمبر 13

سابق جج سردار یحییٰ خان کلاچی سابق یونین ناظم محمد سلیم غوری معروف نعت خوان ملک عبدالمصطفیٰ سعیدی سابق صدر بار ایسوسیشن مہر شوکت یار ایڈووکیٹ محمد شفیع نگاہ ایڈووکیٹ سابق صدر بار سردار خالد خان بلوچ ایڈووکیٹ شبیر احمد بھٹہ ایڈووکیٹ ڈاکٹر محمد مزمل ائی سپیشلسٹ سردار ساجد خان بلوچ سماجی رہنما لالہ محمد اسلم قریشی چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی و سیکرٹری کوآرڈینیشن کے فرائض سرانجام دیں گے۔اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ احمد پور پریس کلب احمد پور شرقیہ کے تنظیمی معاملات صدر احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز محمد سلیمان فاروقی اور سیکرٹری کوآرڈینیشن چودھری احمد علی باہی مشاورت سے دیکھیں گے اور ان معاملات کو آگے بڑھانے کی ذمہ داری ادا کریں گے۔اجلاس کے دوران احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز، احمد پور شرقیہ کے زیر اہتمام پانچ ہزار روپے مالیت کے اے یو جے ڈبلیو جرنلسٹس سپورٹ کیش ایوارڈ کے لیے قرعہ اندازی بھی کی گئی، جس میں تنظیم کے نائب صدر ملک راشد محمود چنڑ کا نام نکلا۔ فیصلہ کیا گیا کہ انہیں آئندہ ماہ دسمبر 2026 کے ماہانہ اجلاس میں اے یو جے ڈبلیو سپورٹ کیش ایوارڈ کے ساتھ اعزازی شیلڈ بھی دی جائے گی۔اجلاس میں جی این این سمیت دیگر نجی ٹی وی چینلز سے میڈیا کارکنوں کی برطرفیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔شرکائے اجلاس نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ اخباری اداروں اور نجی ٹی وی چینلز میں کام کرنے والے صحافیوں اور دیگر میڈیا ورکرز کی ماہانہ تنخواہوں اور بقایاجات کی بروقت اور باقاعدہ ادائیگی کو یقینی بنایا جائے، جب کہ میڈیا کارکنوں کی جبری برطرفیوں کا سلسلہ فوری طور پر بند کرایا جائے تاکہ صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو معاشی عدم تحفظ سے نجات مل سکے۔اجلاس میں بانی وسرپرستِ اعلیٰ احسان احمد سحر، صدر محمد سلیمان فاروقی، جنرل سیکرٹری وفوکل پرسن حمید اللہ خان عزیز، شبیر احمد قریشی، محمد یوسف غنی قریشی، انیسہ کنول، ملک راشد محمود چنڑ، جمشید اقبال بھٹی، احمد علی چودھری، زبیر فاروقی، محمد سجاد اور اعجاز احمد خان نے شرکت کی۔

نمبر 14

کے مستحکم رہیں۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3 ہزار 864 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی منگل کو فی تولہ سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 لاکھ 8 ہزار 936 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 50 ہزار 596 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔اسی طرح عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 47 ڈالر 52 سینٹس کی سطح پر مستحکم رہنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 5 ہزار 228 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 ہزار 482 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔

نمبر 15

کی، اسلام آباد کے ایکسپریس وے کو موٹروے کی طرز پر بنا رہے ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں ایکسپریس وے سروس روڈ منصوبے کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا پولیس افسر کے گھر بچی کی موت کے معاملے پر پولیس پر دباو تھا لیکن پولیس نے ایف آئی آر کبھی دی اور ملزمان کو گرفتار بھی کیا حالانکہ بچی کا والد ایف آئی آر نہیں کرانا چاہتا تھا۔ پولیس اس معاملے پر تگڑی تفتیش کررہی ہے اور کرے گی، انہوں نے مزید کہا سپارکو رپورٹ کے مطابق اسلام آباد میں گزشتہ ڈیڑھ سال میں درختوں میں 28 فیصد اضافہ ہوا ہے، مزید درخت بھی لگائے جارہے ہیں۔وزیر داخلہ نے ایکسپریس وے سروس روڈ منصوبے پر جاری تعمیراتی کام پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے بعد کہا گیس لائن کی وجہ سے پراجیکٹ کی تکمیل میں رکاوٹ تھی، اب تمام رکاوٹوں کو دور کرلیا گیا ہے، 60 روز میں سروس روڈ منصوبے کو مکمل کیا جائے گا، اور اس منصوبے سے ملحقہ آبادیوں کو بہت فائدہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ایکسپریس وے کو موٹروے طرز پر بنانے جارہے ہیں، کورال سے آگے بھی ایکسپریس وے سروس روڈ کو بڑھانے پر غور ہو رہا ہے، منصو